آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

نظـــــامت خـــــوراک

ڈی - 151 سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

☆☆☆☆

ٹینڈر نوٹس:

محکمہ خوراک آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر کی جانب سے مالی سال 22-2021' کے لئے سالانہ ڈھلائی غلہ ٹھیکہ جات مورخہ، 31 اگست، 07 ستمبر اور 08 ستمبر 2021ء کو ٹینڈرز طلب کئے گئے ،طلبیدہ ٹینڈرز میں جن مقامات کے ٹھیکہ جات حتمی طور پر یکسو نہیں ہو سکے تھے،ان کے لئے دوبارہ ٹینڈرز طلب کرتے ہوئے بذیل اسٹیشن ھاء پر اجناس کی ڈھلائی کیلئے محکمہ کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران جنہوں نے مالی سال 22-2021ء کے لئے تجدید کروائی ہے، سے مطبوعہ فارموں پر انراخ مطلوب ہیں:۔

نمبر شمار	از مقام	تا مقامات
1	پاسکو زون حافظ آباد	بیس گودام اسلام آباد،
2	پاسکو زون بورے والا	صدیقی فلور ملز جاتلاں۔
3	پاسکو زون خانپور	،یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات۔
4	پاسکو زون علی پور	،یونائیٹڈ کشمیر فلور ملز روات
5	بیس گودام اسلام آباد	نیلم فلور ملز مظفر آباد۔
6	نیلم فلور ملز مظفر آباد	گڑھی دوپٹہ، ہٹیاں، چناری / چکوٹھی۔
7	کشمیر یونائیٹڈ فلور ملز سہالہ	نیلم فلور ملز مظفر آباد، گیلانی فلور ملز کوہالہ (بوقت ضرورت)
8	پونچھ فلور ملز ارجہ	ڈوبہ پرونگی بالا ،جھنگڑ سہائی
9	سدوزئی فلور ملز آزادپتن	نڑکوٹلی بازار
10	گیلانی فلور ملز کوہالہ	چڑالہ (متبادل روٹ)
11	ڈپو ہاڑی گہل	کھوئی بازار۔
12	بیس گودام میرپور	صدیقی فلور ملز جاتلاں، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال (بوقت ضرورت)
13	اتفاق فلور ملز سہنسہ	نالیاں، پھگواڑی
14	ڈپو گڑھی دوپٹہ	کائی منجہ، دچھور میراں

متذکرہ بالا مقامات کیلئے مقررہ زربیعانہ 2% بشکل کال ڈیپازٹ جس کی تفصیل نائب ناظم خوراک راولپنڈی سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہے، کے ساتھ ٹینڈرز سربمہر لفافہ میں مورخہ 18 اکتوبر 2021ء بوقت 12:00 بجے دن تک نظامت خوراک D-151 نزد کمرشل مارکیٹ سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی کو موصول ہونے چاہئیں، جو اُسی روز ٹینڈرز دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں 12:30 بجے دن کھولے جائینگے۔ جملہ مقامات کے لیے کل فاصلہ کی بنیاد پر فی کلوگرام کے حساب سے نرخ دینا ہونگے۔ کامیاب ٹینڈرز دہندگان کو ٹھیکہ کی مالیت کے دس فیصد بطور کارگزاری ضمانت (Performance Guarantee) تحت مروجہ ہدایات جمع کروانی ہوگی۔

شـــــرائط:

1۔ متذکرہ بالا ٹھیکہ جات میں شمارا نمبر 01 تا 05 کیلئے صرف **''اے کلاس''** ٹھیکیداران ہی ٹینڈر دینے کے اہل ہونگے۔اس سلسلہ میں مفصل کوائف ٹینڈرز نظامت خوراک سے حاصل کئے جاسکتے ہیں جن پر کلیتاً عمل کرنا ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

2- پاسکو زون ہا میں شامل سینٹرز کی تفصیل نظامت خوراک سے حاصل کی جاسکتی ہے' تاہم پاسکو کی جانب سے زون کے اندر نیا سینٹر بھی الاٹ کیا جاسکتا ہے۔ان میں سے جس سینٹر سے بھی گندم مختص ہوگی اس کی ترسیل کامیاب ٹینڈر دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔

3۔ یہ ٹینڈرز **"ایک مرحلہ ایک لفافہ"** کی بنیاد پر ہوں گے۔

(جاری)

4۔ محکمہ اپنی ضرورت کے مطابق اجناس کی ترسیل کے لئے پروگرام جاری کرے گا۔جس کے مطابق مطلوبہ مقدار کی ڈھلائی کامیاب ٹینڈر دھندہ کی ذمہ داری ہوگی۔عدم تعمیل کی صورت میں معائدہ کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

5۔ متذکرہ بالا ٹھیکہ جات کی معیاد اختتام مالی سال یعنی 30 جون 2022ء تک ہوگی۔تاہم ان ٹھیکہ جات میں توسیع نئے ٹھیکہ جات کے حتمی ہونے تک کی جاسکتی ہے۔جس کے لئے ٹھیکیدار کو علیحدہ توسیع نامہ جاری کیا جائے گا۔

6۔ ٹھیکیدار کو متعلقہ ترسیلی مقام پر وزن کر کے بعداز اطمینان اجناس وصول کرنا اور منزل مقصود پر وزن کر کے ہی پورے سٹاکس مہیا کرنا ہوں گے۔اس میں ہر قسم کی کمی کی ذمہ داری ٹھیکیدار متعلقہ کی ہوگی۔جس کیلئے اس کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کمی کو اس نے بہرصورت محکمہ کے فیصلہ کے مطابق پورا کرنا ہوگا۔

7۔ کامیاب ٹینڈر دھندگان کو گراس وزن (خالی بوری کا وزن شامل کرتے ہوئے) اسکے مطابق ڈھلائی چارجز کی ادائیگی جملہ مروجہ ٹیکسز کی وضعگی کے بعد عمل میں لائی جائیگی.

8۔ ٹھیکہ کے عرصہ کے دوران ڈیزل / پٹرول کی قیمتوں میں ہونے والے اتار چڑھاو کی بنیاد پر منظور شدہ انراخ ڈھلائی میں کسی قسم کا کوئی مفاد نہیں دیا جائے گا۔

9۔ کامیاب ٹینڈر دھندگان کو فوری طور پر محکمہ کے ساتھ معائدہ نامہ کرنے کے ساتھ ساتھ ٹھیکہ کی مالیت کا دس فیصد بطور کارگزاری زرضمانت جمع کروانا ہوگی۔کارگزاری زرضمانت کی واگزاری/واپسی ٹھیکہ کی تکمیل پر متعلقہ ٹھیکیدار کی طرف سے عدم اعتراض سرٹیفکیٹس کی فراہمی پر ہوگی۔

10۔ افسر مجاز کو اختیار ہوگا کہ وہ آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) رولز کے مطابق کسی ایک یا جملہ ٹینڈرز کو مسترد کردے۔

11۔ ہائی ویز اتھارٹیز و دیگر حکومتی اداروں کی جانب سے نافذ کردہ قوانین کی مکمل پاسداری کامیاب ٹینڈر دھندگان کی ذمہ داری ہوگی۔ایکسل وائز لوڈ پر پابندی پر عمل درآمد ہونے یا نہ ہونے، ہر دو صورتوں میں ٹھیکیداران کو غلہ کی ڈھلائی مکمل کرنا ہوگی۔اس لئے ٹینڈر دھندگان کو دونوں صورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انراخ پیش کرنا ہوں گے۔

نوٹ: **یہ اشتہار اخبارات کے علاوہ** آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) کی ویب سائیٹ www.ajkppra.gov.pk پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

(امان اللہ خان)
ناظم خوراک
فون نمبر 051-9290625